
© rasailojaraid.com



محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



# تعارف وتبصرہ کتب

## • صحبتے با شیخ مدنیؒ (مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہؒ)...... مؤلف: مولانا عرفان الحق

ضخامت: ۱۴۴صفحات قیمت: پچاس روپے ناشر: مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ

حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ کی حیات وخدمات پر ماہنامہ ''الحق'' کی خصوصی اشاعت کے علاوہ حقانیہ سے مولانا عرفان الحق کا مرتب کردہ ایک کتابچہ بھی انہی دنوں منصۂ شہود پر آیا ہے، جس میں حضرت شیخ کی سوانح کے علاوہ اُن کے ملفوظات، پسندیدہ اشعار اور اُن کے نام شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے گرانقدر قیمتی مکتوبات بھی جمع کیے گئے ہیں۔جس پر مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا پیش لفظ درج ذیل ہے:

محبی ومخلصی حضرت مولانا شیر علی شاہؒ کی رحلت سے دارالعلوم حقانیہ اور پوری ملت مسلمہ کا ناقابل تلافی نقصان ہوا۔ان کا غم تادم تحریر تازہ ہے،ان ہی ایام میں آپ کے ہونہار تلامذہ ،وفضلاء حقانیہ نے ان کے درسی افادات مجالس،مواعظ اور بیش قیمت افادات کو مرتب کرکے غمزدگان کیلئے غم کے تدارک اور تسکین قلب کا سامان بہم پہنچانے کی عمدہ کوشش کی ہے، ان خوش نصیبوں میں آج میرے برادرزادہ و داماد عزیزم مولانا عرفان الحق حقانی سلمہ بھی شامل ہورہے ہیں،جنہوں نے حضرتؒ کی مختصر سوانح ، ملفوظات، والد بزرگوارم حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے مکتوبات اوران کے ذوق شعری کا کچھ حصہ ترتیب دیا ہے جو کہ عجالہ نافعہ کی حیثیت رکھتا ہے،حضرت محبی وخلیلیؒ کی مجلس اور درس ظرافت و لطافت ،تاریخی واقعات،علمی نکات اوردلیل و برہان کا مجموعہ ہوتی تھی ہر پڑھنے والا ان صفات کا مشاہدہ بچشم خود کرے گا۔بڑی بڑی کتابوں میں وہ قیمتی نکات ناپید ہوں گے جو حضرت قدس سرہ اپنے تلامذہ واحباب واصحاب مجلس کے سامنے مختصر وقت میں پیش کرتے تھے، کتاب کی ورق گردانی سے اس کی افادیت عمدگی اور حلاوت محسوس ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ عزیزم کی یہ محنت قبول فرما کر مزید علمی،ادبی وروحانی خدمات وترقیات کا پیش خیمہ بنادے۔امین

## • محمد رسول اللہ المعروف بہ سیرۃ الرسول ......حضرت مولانا قاضی فضل اللہ

ضخامت۔۵۳۶صفحات ناشر: مکتبہ شیخ الہند شیرین مارکیٹ ٹھنڈکوئی صوابی

نبی پاکؐ کی محبت ایمان کا جزء لاینفک ہے اور آپ کے ارشادات کی روشنی میں آپ کی محبت وعقیدت کا سب سے

© rasailojaraid.com